محبوب پروڈکشنز کا شاہکار

پیسہ ہی پیسہ

ستارے
کشور - چپلا - رادھاکرشن
مقل - دلاری - مکری اور
مالا سنہا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱ پیسہ ہی پیسہ کے گانے

پائل موری باجے

اری کیسے پیا ملن کو جاؤں سجنیا۔ جاگے نندیا اور جٹھنیا
جھنک جھنک جھن......
کہو کیسے ملن ہو رے چھلیا۔ او پیا باجے نگوڑی پائلیا
جھنک جھنک جھن باجے جھنک جھنک....
پیا ملن کو نکلی گھر سے۔ جھمک جھمک ٹھمکن میں دنیا کے ڈر سے
موری رہ رہ کے ڈھلکے چنریا۔ او پیا باجے نگوڑی پائلیا
کالی رتیاں نندیا چمکے۔ مر گئی رے میں تو مارے شرم کے
ساری دنیا کی موپہ نجریا۔ او پیا باجے.....

گانا نمبر ۲ ــــ پیسہ کا منتر۔ پیسہ کا جنتر۔ پیسہ پیسہ چھو چھو منتر کار
جانے پران پلٹ کر آویں۔ غضب تیرا جادو..... پلٹ
چھو چھو چھو منتر۔ اے جادو منتر چھو چھو چھو
بن تیرے ہیں وید ڈاکٹر۔ سب گوری کے نین
تیرے آگے جھکتی پر جاتی ہے بلبلیں
تیری نرالی لگن نیرا اُن۔ باقی جھے کا جھو ـــ غضب تیرا جادو منتر چھو
تیری خاطر ملا پنڈت سب بیچیں ایمان ..... سچ ہے
تیرے ہاتھوں کاٹھ کا اُلّو بنتا ہے انسان..... سچ ہے
تیرے ہی خاطر ہے ساری یہ میں میں تُو تُو ... سچ ہے
پیسہ ہی اللہ پیسہ ہی داتا۔ پیسہ ہی بھگوان .... سچ ہے
پیسہ ہی بابا پیسہ ہی بھیا۔ پیسہ ہی امّی جان... سچ ہے

تُو ہے تو سب رشتہ ناتا نہیں تو ہم ٹھیک ہُو... سچ ہے
ایک تیرے نیا لاکھوں پھریں بنکے نکمے
ایک تیرے ہی ہُنر سے چلے دُنیا کا ٹٹو
ایک تیری ہی ڈوری پہ ناچے دھرتی کا لٹو
تیری چمک سے انار بھی انکھیاں مارے نشاں بان
تیری کھنک پہ مزنا مُردہ اٹھ کے لگائے تان
ایں . ایں . ایں . ایں .... ہو
تُجھ سے ہی جیون کا مُرغا بولے ککڑوں کوں ۔ غضب تیرا جادو... پلٹ
پلٹ تیرا دھیان کدھر ہے بابا....
گانا نمبر ۱۲:۔ اُف نہ کرنا کہ محبت میری بدنام نہ ہو۔ اِن اُلفت کا زمانے میں کہیں عام نہ ہو
پی جا اگر آنسو بہے۔ ہوتا ہے غم ہوتا رہے
ہونے بھی دے ۔ ہونے بھی دے ۔ ہونے بھی دے
ایک جان اور لاکھوں ستم ۔ بیتاب ہیں رونے کو ہم
رونے بھی دے رونے بھی دے....
اے بلما کھڑک جا آج تو ورنہ لُٹے گی آبرو بلموا لُٹے گی آبرو
چل دے یہاں سے اُف نہ کر ۔ آیا کرے مُنہ کو جگر
آنے بھی دے آنے بھی دے.....
تیرا ہی دم بھرتا ہوں میں
مرنے سے کب ڈرتا ہوں میں ۔ نہیں ڈرتا ہوں میں
دیکھو اِدھر یہ میں چلا ۔ ہٹ جا اری دُنیا ذرا
جانے بھی دے جانے بھی دے....
گانا نمبر ۱۳:۔ بلما تُمرے مین کے اُٹھت جھکت دیکھ ہوئے
ہرنی سی گھائل پھروں ۔ بیر و درد نہ جانے کوئے

تڑپیں انکھیاں جانے نہ بالم
تڑپ تڑپ بیتیں ساری ساری رتیاں جانے نہ بالم
شیلا:- رینا تم بن ساجنی ایسے بتا دے کوئے
کبھوں پکارے بھور کو ۔ کبھوں پکارے تو ئے
لتا:- کیسے کٹیں رتیاں ۔ جانے نہ بالم ۔ تڑپ تڑپ.....
انجانے دو نینوا مل تو گئے ایک ساتھ
پر گھونگھٹ کی اوٹ میں رہ گئی من کی بات
من کی نہ جانے اڑتی چڑیا چلی ہیں کدھر جانے پیا کی ڈگریا
سب کی نجر جانے ۔ ابھی نجریا سکھی موری گتیاں جانے نہ بالم
تڑپ تڑپ.....

کشور کمار
گانا نمبر ۵:- ہے اس دنیا کا الٹا چرخا ۔ الٹے رہے تانے بانے
جگ یہ انسان نہ سمجھے ۔ وہ ایک پنچھی جانے
تقدیر کی چڑیا بولے تیرے پنجرے ہیں ۔ روٹھے ہوں بلما تو چڑیا وہ ترکیب بتائے
دوڑ کے آئے روٹھنے والا ۔ اور گلے لگ جائے
ارے بھیا بھاگ جگالے ۔ بگڑی بنالے ۔ پیا کو منالے
ہنس ہنس لے ۔ ہم کو بلالے گوری ۔ کہ بولے تیرے پنجرے میں....
سادھو کیا سچا ہے تو .... بالکل سچا
پھر من کی بتیاں پوچھوں ..... پوچھ لے بچا
کب روٹھے پیا ملیں گے ...... یہ تو چڑیا جانے
چڑیا جی بتلاؤ نا چڑیا جی بتلاؤ نا ..... دے چار آنے
لے چار آنے ۔ بول میرے گھر بیٹا ہوگا کس دن
ایں ہیں ۔ چڑیا کتنی ہو جائے گا ۔ رونا کاہے کا بس دن
ارے بھیا بھاگ جگالے .....

مادھو کیا سچا ہے تو .... بالکل سچا
پھر من کی بتیاں پوچھیں .... پوچھ لے بچا
قسمت کب کام کرے گی .... کر جائے گی
کب میری مانگ بھرے گی .... نہیں بھرے گی
ہیں - ارے بھر جائے گی - بھر جائے گی
کب اس کی ساس مرے گی - ہنسی رہے
مر جائیگی - مر جائیگی - ہنسی رہے - بھاگ جگالے...
ہاں - دولت الفت مانگنی ہو تو - مانگے کوئی ہم سے
یوں سمجھو ہے ساری دنیا اک چڑیا کے دم سے
رہے ہنسی بھاگ جگالے...

گانا ملہ:- فریاد ہے فریاد - سنو میری فریاد کنور لکار
اے محبت کرنے والو - کسی پہ مرنے والو
کہ مجھ کو جس سے پیار تھا - دل میرا گلزار تھا
لوٹ کے چلدیا وہ جلاد - اب رو رو کے کہتا ہے یہ دل ناشاد .... کیا
پیار کیا جھک ماری - ہو پیار کیا جھک ماری
ہو سنو بھئی گردھاری - ہم نے پیار کیا جھک ماری
ہو سنو بھئی عبدالباری - ہم نے پیار کیا جھک ماری
فریاد ہے فریاد - اے ظالم قسمت تجھ سے فریاد ہے
کہ اک روز رات کے بارہ بجے جب کہ دل کا نقارہ بجے
اسکے باپ نے لات مار کر - گردن پہ ہاتھ مار کر
گھر سے باہر نکال دیا - مجھکو قسمت کے گڑھے میں ڈالدیا
میں نے کہا میرے ساتھ - تو بھی آ میری جان - اس نے کہا - ہاں
مگر اس کے باپ نے کہا .. نا ... گر رہا .... کیا

جیت کے بازی ہاری - قسمت نے ٹھوکر ماری
اب دیکھو میری لاچاری - ہم نے پیار کیا جھک ماری
فریاد ہے فریاد - اے ظالم زمانے تجھ سے فریاد ہے
کہ جس کیلئے اپنا سب کچھ کھو دیا - ہنستے ہنستے رو دیا
لٹیا تو کیا اپنا لوٹا بھی ڈبو دیا - میرا دل گیا - میری بل گئی
گھوڑا گاڑی گئی تیلوں چھاڑی گئی - جیب ٹھنٹھنے پیار کی پاکٹ ماری گئی
آجکل میں پیدل چلتا ہوں - ہاتھ ملتا ہوں
اسکی ہر ہا میں جلتا ہوں اور رو رو کے یہ کہتا ہوں - - - کیا
دیکھی سب کی یاری - مطلب کی ہے دنیا ساری
ہائے چھن گئی جورو ہماری - ہم نے پیار کیا جھک ماری

گانا نمبر ۱۳
سہیلیاں - بس اک تم بن کل نہ پڑے - تن چھیڑ من کہیں چل نہ پڑے
پہلو سے دل ہی نکل نہ پڑے - ابھی جا رے صنم
تنہا - تیری یہ کرامت پیا - دھک دھک ہوئے مورا جیا
جا منچلے ہمار - اب چھوڑ دے گنوار - دیا رے نکلے ہے دم
سہیلیاں - ڈھونڈوں کہاں تو ہے میرے کل نہ پڑے
آجا آجا رُت کہیں بدل نہ پڑے - دل میرا دھک سے اچھل نہ پڑے
زندہ مر جائیں ہم
مالتی - میں نے دیکھی تیری چترائی - خوب رے بات بنائی بلما
اب دنوں میں کس کی دوہائی - بول بلم ہرجائی - بیدردا بول بلم ہرجائی
سہیلیاں - دنیا میں اب جا ہے جائیں بن کہیں - ملنے کا نہیں کوئی کچھ ساجن
تیرے سوا کسی پہ نظر ہی نہیں - تیرے سر کی قسم
تنہا - میں چلی - میں چلی - میں چلی - چلی رے میں تو میکے چلی
اور دغا باز سیاں چھوڑی تیری گلی - رے میں تو میکے چلی

سریش :۔ ماں بھی جا گوری تُو تو جان ہے میری ۔ جان ہے وہ تُو تو ارمان ہے میری
ایک میرا سُر ایک تان ہے میری ۔ نا چھوڑے چھم چھم چھم چھم
گانا بجانا
سریش :۔ مَن پیسہ کھیل ہے جھوٹا ۔ پیار کا سب دھوکا
کنٹورمکار
جسکو دیکھو اِس دُنیا میں وہ دولت کا بھوکا
ارے دولت کا یہ کھیل نرالا ۔ دیکھتے جانا بابو
راجہ اور بھکاری ۔ سب پر چلتا اِس کا جادو
ارے او دُنیا والو دُنیا والو ۔ دُنیا والو بندھو ۔ لے لو سونے کا لڈو
کیا مُنا ۔ منی ۔ بڈھا ۔ یہ سب کا جی للچائے
جو کھائے سو پچھتائے ۔ جو نہ کھائے سو پچھتائے ۔ لے لو سونے کے لڈو
مالتی :۔ نا مانگے سونا چاندی ۔ مَن مانگے پیار کی جوتی
ہے پیار تو پتھر ہیرا ۔ ہے پیار تو کنکر موتی
سریش :۔ ارے او مورکھ ۔ جب جیب میں کھنکے پیسہ جب پیٹ میں ٹھنکے روٹی
تب ہے یہ پتھر ہیرا ۔ تب ہے یہ کنکر موتی
ارے اسی لیے تو کہتا ہوں کہ او دُنیا والو ۔ لے لو سونے کا لڈو
لڑکیاں :۔ جیا للچائے سجن توری بتیاں ۔ اب تو ہونگی تورے سنگ دن رتیاں
او مورے متیاں ۔ پڑوں میں تورے پیّاں
نہ چھیڑو موری بیّاں ۔ کرو نہ دُرگتیاں ۔ جیا للچائے ....
رمیو :۔ نانانانانا ۔ گوری چھوڑ مجھے مت جانا
پیار سے تیرا دل بھر دیگا ۔ یہ تیرا دیوانا
سریش :۔ اے لڈو ۔ بول لڈو
رمیو :۔ لڈو

سرپشن :- لڈو - لڈو - لڈو

رومیو :- لڈو لے لو پیار کا لڈو - لے لو پیار کا لڈو

ایک نظر ہے ایک ہنسی ہے قیمت اس کی مندھو

دل کا رنگ جگر کے ٹکڑے - ارمانوں کا بیڑا

انکو لے کر باندھے لڈو - کھلئے داس کبیرا

ارے ہیرو دیکھو - دیکھو - آہاہا .... لے لو پیار کا لڈو

سرپشن :- ارے ہٹ خالی جس کا پیٹ - اس کا پیار ہے خالی بول

اور اس لڈو میں دنیا کا ہر عیش دیا ہے گھول

سب جے جے اس کا بول - جے جے ....

رومیو :- دیکھا ... سونے کے لالچ نے کر دیا خون خرابا

اب تو لے لو پیار کی دولت - ببّا - میّا - ہاہا - لے لو پیار کا لڈو

ختم شد